A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

Serial No.of Answer book ---------------------------

MRD-E/XII (A)

Roll Number ---------------------------

اُمورِ خانہ داری (نہم)

Fic. No. ....

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

Fic. No. ....

اُمورِ خانہ داری (نہم)

سیکشن (معروضی)

وقت: 20 منٹ — کل نمبر:15

نوٹ۔ اس حصے کے لیے یہی شیٹ استعمال کریں۔ کاٹ کر، مٹا کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جواب پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

سوال نمبر1: ہر جُز کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب کر کے سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) معاشیات علم _____ کی ایک شاخ ہے۔ (الف) فلکیات (ب) حیاتیات (ج) عمرانیات (د) اقتصادیات

(ii) مادی اشیاء، روپیہ پیسہ اور خدمات _____ ذرائع ہیں۔ (الف) انتظامی (ب) غیر انتظامی (ج) غیر انسانی (د) انسانی

(iii) بچوں کی تعداد میں اضافے کی وجہ سے _____ مہنگے ہو جاتے ہیں۔
(الف) کپڑا اور اناج (ب) روٹی اور مکھن (ج) دودھ، انڈے اور پھل (د) سبزی اور دوائی

(iv) _____ اقدار اہم اور قابلِ قبول ہیں۔ (الف) تعمیری (ب) جبلی (ج) تکنیکی (د) فنی

(v) _____ کے بڑھنے سے تقسیم دولت میں تبدیلی ہو جاتی ہے۔ (الف) صنعت (ب) ہنر (ج) تعلیم (د) آبادی

(vi) ایک ایسا نقطہ جو جماعتی یا انفرادی رجحانات ظاہر کرتا ہے ___۔ (الف) سائنس (ب) فن (ج) فلسفہ (د) تاریخ

(vii) گھر میں ہر فرد کے _____ ہوتے ہیں۔ (الف) جوتے (ب) کپڑے (ج) فرائض (د) بستر

(viii) اچھی انتظامیہ کے لیے _____ ایک ضروری عمل ہے۔ (الف) صبر (ب) امتحان (ج) جائزہ (د) انضباط

(ix) منصوبہ بندی کا اصل مطلب _____ کی تیاری ہے۔ (الف) حال کی (ب) امتحان کی (ج) مستقبل کی (د) لڑائی کی

(x) ملک کی ترقی کا دارومدار دو چیزوں پر ہے قدرتی ذرائع اور _____
(الف) باشندوں کی صلاحیت (ب) باشندوں کی کمی (ج) آبادی کی زیادتی (د) معاشرے کا امن

(xi) انسانی اور غیر انسانی ذرائع کی مشترک بات دونوں کا _____ ہونا ہے (الف) کم (ب) محدود (ج) لامحدود (د) بہت

(xii) کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ _____ کوئی مشکل کام نہیں۔ (الف) برتن دھونا (ب) کپڑے دھونا (ج) خانہ داری (د) رونا

(xiii) ہر کام کی بنیاد _____ پر رکھی جاتی ہے۔ (الف) عوامل (ب) عناصر (ج) مقاصد (د) اُصول

Result.pk

اُمورِخانہ داری (نہم)
M.B.H 9th

کل نمبر:60 — وقت:2 گھنٹے 40منٹ

سیکشن ''ب'' (36)

سوال نمبر2۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف نو(9)اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i۔ نظام خانہ کے مطالعے کی اہمیّت پر چار نکات لکھیں۔

ii۔ تعلیم وتربیت کا افراط آبادی پر قابو پانے میں کیا کردار ہے؟

iii۔ گھریلو انتظام کا مفہوم واضح کریں۔

iv۔ اچھی بندرگاہ کی چار خصوصیات لکھیں۔

v۔ غیرانسانی ذرائع کون سے ہیں؟

vi۔ مچھلی گاہیں کیوں ضروری ہے؟

vii۔ حکمت عملی کیا ہے؟

viii۔ ذہانت اچھی ناظمہ کے لیے کیوں ضروری ہے؟

ix۔ چار حقائق بتائیں جو ظاہر کریں کہ پاکستان افراط آبادی کا شکار ہے۔

x۔ زراعت کا معیشت میں کیا کردار ہے؟

xi۔ ہدایات سے کیا مراد ہے؟

سیکشن ''ج'' (24)

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالات کے مفصل جوابات تحریر کریں۔تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر3۔ خانہ داری کے مقاصد بیان کریں۔

سوال نمبر4۔ افراط آبادی پر کس طرح قابو پایا جاسکتا ہے؟ نیز افزائش کس طرح خاندان پر اثر انداز ہوتی ہے؟

سوال نمبر5۔ اُمور خانہ داری میں فیصلے سے کیا مراد ہے اور اُسکی کیا اہمیت ہے؟تفصیل سے بتائیں۔

سوال نمبر6۔ صرف دو پر نوٹ لکھیں۔ i۔ گھریلو صنعت ii۔ معدنیات iii۔ بندرگاہ

Result.pk

Result.pk